## سوال

خالی پیٹ پانی پینا کیا کسی حدث سے ثابت ہے ؟

## جواب

خالی پیٹ پانی پینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا خالی پیٹ پانی پینا کیا کسی حدیث سے ثابت ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس حوالے سے کوئی نص ہمارے علم میں نہیں ہے ، نیز یاد رہے کہ اگر ثابت نہیں ہے تو منع بھی نہیں ہے ، یہ تو ہر آدمی کے اپنے ذوق اور حکیم کے مشورے کے مطابق ہے کہ اس کو خالی پیٹ پانی پینا مفید ہے یا نقصان دہ ہے اگر تو کسی کے مفید ہے تو جائز ہونا چاہیئے اور اگر نقصان دہ ہے تو نا جائز ہونا چاہیئے ۔ ایسے نسخے حکماء بہتر طریقے سے بتا سکتے ہیں ، لہذا ان سے رابطہ کیا جائے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی